رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کریں)(تعلیمی سیشن2022-2024)

ISLAMIYAT (Compulsory) — 022-(نہم کلاس) — اسلامیات(لازمی)

Paper-I (Objective Type) — پرچہ-I: (معروضی طرز)

Time Allowed: 15 Minutes — وقت: 15منٹ

Maximum Marks: 10 — کل نمبر:10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

Note:- Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question with Marker or Pen ink in the answer-book. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

Note: The said Question Paper of Islamiyat (Comp.) may be prepared both English and Urdu versions.

1-1 جنگ جس میں حفاظ کرام کی کثیر تعداد شہید ہوئی۔
(A) جنگ یمامہ (B) جنگِ قادسیہ (C) جنگِ جمل (D) جنگِ صفین

-2 سورۃ جس کا دوسرا نام سورۃ توحید بھی ہے۔
(A) الفاتحہ (B) الکوثر (C) النصر (D) الاخلاص

-3 کتاب جو دیگر آسمانی کتب کے احکام کو منسوخ کرنے والی ہے۔
(A) تورات (B) زبور (C) انجیل (D) قرآن مجید

-4 وادی حنین کا مکہ مکرمہ سے فاصلہ ہے۔
(A) 20کلو میٹر (B) 30کلو میٹر (C) 40کلو میٹر (D) 50کلو میٹر

-5 حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا ہے۔
(A) نماز (B) روزہ (C) حج (D) زکوٰۃ

-6 شکر کا لغوی معنی ہے۔
(A) صبر کرنا (B) خرچ کرنا (C) احسان ماننا (D) تلاش کرنا

-7 کفارِ مکہ کو حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے حکم سے جس صحابی نے امانتیں واپس کیں۔
(A) حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

-8 قسم توڑنے پر روزے لازم ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

-9 حضرت امام زین العابدین رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ جس شہر میں دفن ہیں۔
(A) مکہ مکرمہ (B) مدینہ منورہ (C) کربلا معلی (D) کوفہ

-10 صحیفہ صادقہ مرتب کرنے والی شخصیت ہیں۔
(A) حضرت عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (B) حضرت عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
(C) حضرت عبد اللہ بن زبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (D) حضرت عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

رول نمبر .... (امیدوار خود پُر کریں)(تعلیمی سیشن 2022-2024)

ISLAMIYAT (Compulsory)	022 (نہم کلاس)	اسلامیات (لازمی)
Paper-I (Essay Type)		پرچہ-I: (انشائیہ طرز)
Time Allowed: 1:45 Hours		گھنٹے: 1:45 وقت
Maximum Marks: 40		کل نمبر: 40

(PART – I حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) معانی لکھیے۔ (الف) اَلْفَلَاحُ (ب) اَلْعَلِيمُ

(ii) ختم نبوت کے بارے میں قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

(iii) نماز کی دو شرائط تحریر کیجیے۔

(iv) فتح مکہ کا واقعہ کب پیش آیا؟

(v) قرآن مجید میں کن دو غزوات کا نام ذکر ہوا ہے؟

(vi) عام الوفود کا معنیٰ اور مفہوم بیان کیجیے۔

(vii) حضور اکرم خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(viii) عبادات میں اعتدال اور میانہ روی سے کیا مراد ہے؟

(ix) سخاوت کی بدنی اور مالی صورتوں کی وضاحت کیجیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) لوگوں کا شکر ادا کرنے کی اہمیت پر ایک حدیث مبارک تحریر کیجیے۔

(ii) بد دیانتی اور دھوکا دہی کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کیجیے۔

(iii) تکبر کی کوئی سی دو صورتیں تحریر کیجیے۔

(iv) ہمسایوں کے دو حقوق تحریر کیجیے۔

(v) حضرت ابو موسیٰ اشعری رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے والد اور والدہ کا نام تحریر کیجیے۔

(vi) حضرت اُمِّ سُلَیم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کی دو اسلامی خدمات تحریر کیجیے۔

(vii) حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کے کوئی سے دو ملفوظات تحریر کیجیے۔

(viii) امام سیوطی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کی کوئی سی دو تصانیف کے نام تحریر کیجیے۔

(ix) خود اعتمادی و خود انحصاری کس طرح انسان کو ترقی یافتہ بناتی ہے؟

(Part-II حصہ دوم)

-4 درج ذیل شخصیات میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 04+04

(الف) حضرت ابو موسیٰ اشعری رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (ب) حضرت ابو القاسم قُشَیری رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ

(ج) حضرت امام جلال الدین سیوطی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ

-5 درج ذیل حدیث پاک کا ترجمہ تحریر کیجیے۔ 03

اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخِیَارُكُمْ خِیَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ۔

-6 نبی کریم خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرت کی روشنی میں دوسروں کی راحت رسانی اور خدمت خلق پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 05

یا

نماز کے فوائد و ثمرات تحریر کیجیے۔